## 17ویں ترمیم کا خاتمہ کیا جائے، آئین کے آرٹیکل 2B - 58 کا خاتمہ کیا جائے اور اختیارات پارلیمنٹ کو منتقل کئے جائیں۔الطاف حسین
## میں حکومت کو کسی بھی صورت میں اداروں سے تصادم کی طرف جانے کا مشورہ نہیں دوں گا
## آصف زرداری ملک کے صدر ہی نہیں بلکہ میرے دوست اور بھائی بھی ہیں، میں انہیں مخلصانہ مشورہ دے رہا ہوں۔نجی ٹی وی کو انٹرویو

لندن۔۔۔4 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ صدر آصف علی زرداری ملک کے صدر ہی نہیں بلکہ میرے دوست اور بھائی بھی ہیں اور میرا انہیں برادرانہ اور مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ جتنا جلد ہو سکے چند شقوں کو چھوڑ کر 17ویں ترمیم کا خاتمہ کیا جائے، آئین کے آرٹیکل 2B - 58 کا خاتمہ کیا جائے اور اختیارات پارلیمنٹ کو منتقل کئے جائیں۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج ایک نجی ٹی وی کو ایک خصوصی انٹرویو میں کیا۔ملک کی موجودہ صورتحال کے بارے میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عوام چینی کے حصول کیلئے قطاریں لگانے پر مجبور ہیں، صنعتیں بند ہو رہی ہیں، لاکھوں لوگ بیروزگار ہو رہے ہیں۔ ملک میں بجلی کا بحران ہے، مستقبل میں گیس کا بحران آنے والا ہے، صدر زرداری کو چاہیے کہ وہ ملک کے عام آدمی کو درپیش مسائل پر توجہ دیں۔اس وقت ملک کو دہشت گردی کا سامنا ہے، مسلح افواج کے افسران اور جوان اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں، حکومت کا فرض ہے کہ وہ مسلح افواج کا مزید مورال بڑھانے کیلئے اقدامات کرے۔انہوں نے کہا کہ صدر آصف زرداری میری باتوں کا برا نہ منائیں، میں ملک اور جمہوریت کے مفاد میں مخلصانہ مشورے دے رہا ہوں، میں چاہتا ہوں کہ سسٹم چلتا رہے، جمہوریت مضبوط ہو۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کی سلامتی و بقاء سب سے بڑی چیز ہوتی ہے، اگر اس کیلئے صدر مملکت کو اپنی ذات کی قربانی بھی دینا پڑے تو دے ڈالیں۔انہوں نے این آر او کے حوالے سے کہا کہ ایم کیو ایم کسی بھی ایسے آرڈی ننس کی حمایت نہیں کرے گی جو ایم کیو ایم کے منشور سے متصادم ہو۔اس وقت این آر او کے حوالے سے کرپشن کی بات ہو رہی ہے جبکہ ایم کیو ایم اور کرپشن دو متضاد چیزیں ہیں، جہاں کرپشن ہوگی وہاں ایم کیو ایم نہیں ہوگی اور جہاں ایم کیو ایم ہوگی وہاں کرپشن نہیں ہوگی۔اس سوال پر کہ اگر حکومت اداروں سے تصادم کی طرف جاتی ہے تو کیا ایم کیو ایم حکومت سے الگ ہوگی؟ جواب دیتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں حکومت کو کسی بھی صورت میں اداروں سے تصادم کی طرف جانے کا مشورہ نہیں دوں گا کیونکہ ملک پہلے ہی طرح طرح کے بحرانوں میں مبتلا ہے اور ایسے نازک حالات میں تصادم کسی بھی طرح ملک، جمہوریت اور جمہوری نظام کے مفاد میں نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہماری آخری حد تک کوشش ہوگی کہ موجودہ حکومت اور جمہوری نظام چلتا رہے۔انہوں نے کہا کہ اگر بڑے مقصد کیلئے صدر زرداری کا چند قدم پیچھے بھی ہٹنا پڑے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ 1992ء میں فوجی آپریشن کے دوران فوج کے حکام نے میرے سامنے یہ بات رکھی کہ ہم ایم کیو ایم کے خلاف آپریشن بند کردیں گے اور آپ کے گرفتار ہونے والے ساتھیوں کو بھی مرحلے وار رہا کردیں گے آپ قیادت سے استعفیٰ دیدیں، میں نے اس معاملے کو اپنی انا کا مسئلہ نہیں بنایا اور اپنے ساتھیوں اور عوام کو بچانے کیلئے فوری طور پر قیادت سے استعفیٰ دیدیا اور تمام اختیارات چیئرمین عظیم احمد طارق کے حوالے کردیئے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں 17 کروڑ عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے صدر آصف علی زرداری سے یہی کہوں گا کہ جتنی جلدی ہو اختیارات پارلیمنٹ کو منتقل کردیئے جائیں، اسی میں سسٹم اور جمہوریت اور خود صدر مملکت کی ذات کی بھلائی ہوگی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں صدر صاحب کو مشورہ دوں گا کہ پیپلز پارٹی کے وہ کارکن اور رہنما جو انتہائی کڑے وقت میں چٹان کی طرح کھڑے رہے، جنہوں نے قربانیاں دیں، جیلوں میں گئے، کوڑے کھائے اور تمام تر آزمائشوں میں ڈٹے رہے انہیں اپنے پاس بلائیں، ان سے مشورے کریں، وہ یقیناً اچھے مشورے دیں گے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ پارٹی کے ساتھ مخلص ہیں۔

## ایم کیو ایم ہی ملک کی اکلوتی اور واحد ماڈرن پولیٹیکل پارٹی ہے جو محروم اور متوسط طبقے کی عملی خدمت کررہی ہے۔حسن نثار
## الطاف حسین کا کوئی رشتہ دار اور جاگیردار و سرمایہ دار ایم کیو ایم میں نہیں ہے
## جیو ٹی وی کے پروگرام ''آج کامران خان کے ساتھ'' میں اظہار خیال

4 نومبر 2009ء (اسٹاف رپورٹر)

ممتاز سینئر صحافی، دانشور و تجزیہ و کالم نگار حسن نثار نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی فوجی شہداء کی قبروں پر پھول چڑھانے سے لیکر کیری لوگر بل تک ''خوفناک'' کارکردگی رہی ہے۔بدھ کی شب جیو ٹی وی کے پروگرام ''آج کامران خان کے ساتھ'' کے اینکر پرسن کامران خان کے بعض سوالات کے جوابات دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اصل کریڈٹ میں ایم کیو ایم کو ہمیشہ سے یہ ہی دیتا آرہا ہوں کہ یہ محروم، متوسط اور غریب پڑھے لکھے لوگوں کو آگے لے کر آتی ہے۔اگر کسی شخص یا عوام کو عوام کی حکمرانی اور لیڈرشپ چاہیے اور اگر وہ

جا گیرداروں،صنعت کاروں اورخرکاروں سے نجات چاہتا ہےتو ایم کیوایم اس کیلئے موجود ہے۔حسن نثار نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاسی کامیابیوں پرسب حیران ہیں لیکن میں بلکل بھی حیران نہیں ہوں کیونکہ ایم کیوایم ہی ملک کی اکلوتی اور واحد ماڈرن پولیٹیکل پارٹی ہے جومحروم اورمتوسط طبقے کی عملی خدمت کے ذریعے اپنے ہونے کا ثبوت دے رہی ہے اور نہ ہی یہ زبانی جمع خرچ کررہی ہے۔الطاف حسین کا کوئی رشتہ داراور جاگیرداروسرمایہ دارایم کیوایم میں نہیں ہے،ایم کیوایم والے غریب ومتوسط طبقے کے نوجوانوں کوآگے لاتے ہیں پھران کی تربیت کرتے ہیں

## عوام وکارکنان شعیب بخاری کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔4نومبر،2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیرسید شعیب احمد بخاری کی علالت پرگہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلدمکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے بدھ کورابطہ کمیٹی کے آفس میں ٹیلی فون کرکے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کی اوران سے شعیب بخاری کی خیریت دریافت کی اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔انہوں نے حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ شعیب احمد بخاری کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعائیں کریں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد کے نتیجے میں جاگیردارانہ نظام کا زوال شروع ہوچکا ہے،وسیم آفتاب
## ایم کیوایم ملک میں جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب ومتوسط طبقے کومساوی حقوق فراہم کرے گی
## ملک پرغریب ومتوسط طبقے کےعوام کی حکمرانی قائم کرنا ایم کیوایم کامشن ہے،عمران معین
## اسکردوایف بی کالج کے جنرل ورکرزاجلاس سے خطاب

اسکردو۔۔۔4نومبر،2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی عملی جدوجہد کے نتیجے میں ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا زوال شروع ہوچکا ہے،ایم کیوایم ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرکے عوام کومساوی حقوق فراہم کرے گی۔یہ بات انہوں نے اسکردو میں واقع ایف بی کالج میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پراے پی ایم ایس او کے جوائنٹ سیکرٹری عمران معین اورایف بی کالج کے کارکنان کی کثیر تعداد میں موجودتھی۔وسیم آفتاب نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی ملک بھر کے غریب عوام کے دلوں میں رچ بس گیا ہے اورلوگ جوق درجوق ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں تاکہ 62سالوں سے اقتدار پرقابض دوفیصد مراعات یافتہ طبقے کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی نظرمیں خدمت کے بغیرسیاست منافقت ہے اوریہی وجہ ہے کہ الطاف حسین نے اپنے نمائندوں اورایم کیوایم کے کارکنان کوسیاست برائے خدمت کا درس دیا ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو98فیصد متوسط طبقے کےعوام کی نمائندگی کررہی ہے اورمظلوم ومحکوم کی بےلوث خدمت کررہی ہے۔اجلاس سے اے پی ایم ایس او کے جوائنٹ سیکرٹری عمران معین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی بقاء کیلئے غریب ومتوسط طبقے کےعوام کی حکمرانی قائم کرنا ایم کیوایم کامشن ہے اے پی ایم ایس اوطلبہ کوتعلیم کے یکساں مواقع فراہم کرنا چاہتی ہے تاکہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے ملک کی بھاگ دوڑسنبھال سکیں اورقوم کی بہتر انداز میں خدمت کرسکیں۔انہوں نے طلبہ وطالبات پرزوردیا کہ وہ ایسے میں تعلیم کیسا تھ ساتھ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کے فروغ کیلئے محنت ولگن سے جدوجہد کریں اورتحریک کے مشن ومقصداوراسکے حصول کیلئے پیغام حق پرستی کوعوام میں زیادہ سے زیادہ پھیلائیں۔اس موقع پرایف بی کالج کے کارکنان نے اپنے بھرپورتعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ہم قائد تحریک کے نظریہ کے فروغ کیلئے دن رات محنت ولگن سے کام کریں گے۔

## ایم کیوایم کے تحت چلاس دیامیر میں مفت طبی امدادی کیمپ لگائے گئے
## خواتین اوربچوں سمیت سینکڑوں مریضوں کا چیک اپ کرکے مفت ادویات فراہم کی گئیں

## مفت طبی سہولتوں کی فراہمی پر قائد تحریک الطاف حسین کیلئے چلاس دیامیر کے عوام کی دعائیں

گلگت ۔۔۔04نومبر 2009

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت گلگت بلتستان اسمبلی کیلئے نامزد حق پرست امیدوار حاجی شاہ بیگ کے حلقے GBLA-15 میں چلاس دیامیر کے مختلف علاقوں میں مفت طبی امدادی کیمپس لگائے گئے۔ان کیمپوں میں خواتین اور بچوں سمیت سینکڑوں مریضوں کا چیک اپ کیا گیا اورانہیں مفت ادویات فراہم کی گئیں۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اورمیڈیکل ایڈ کمیٹی کے رضا کاروں نے جمعہ کوتھک دیور چلاس دیامیراور ہفتے کو نیاٹ ویلی گھیر چلاس دیامیر میں ایک روزہ مفت طبی امدادی کیمپ لگائے جن سے علاقے کے عوام کی بڑی تعداد نے استفادہ کیا۔طبی امدادی کیمپوں کی نگرانی کے فرائض حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم اور لیبر ڈویژن کے مرکزی ذمہ داران انجام دے رہے تھے۔مفت طبی امدادی کیمپ پرآنے والے مریضوں اورعلاقے کے عوام نے دکھی انسانیت کی خدمت پر قائد تحریک الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اوران کی درازی عمراورصحت وتندرستی کے ساتھ ایم کیوایم کی کامیابی کیلئے بھی دعائیں کیں۔

## گلگت بلتستان ایم کیوایم کا قلعہ ثابت ہونگے،سفیان یوسف

## حق پرستی کا پرچم بلندوبالا پہاڑوں پربھی لہرانے لگا،الطاف حسین کے نظریئے نے عوام کے دل جیت لیے

## حق پرستوں کو 12 نومبر کے انتخابات میں عظیم کامیابی حاصل ہوگی،ہنزہ میں عبدالخالق بلوچ،یوسف منیر کا خطاب

گلگت ۔۔۔04نومبر 2009

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان ایم کیوایم کا مضبوط قلعہ ثابت ہونگے ،حق پرستی کا پرچم اب بلندوبالا پہاڑوں پربھی لہرانے لگا ہے،قائد تحریک الطاف حسین کے نظریئے نے عوام کے دل جیت لیے ہیں۔انہوں نے یہ بات گلگت بلتستان اسمبلی حلقہ 6 سے متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار کامل جان کے ہمراہ گذشتہ روز سلمان آباد،عطا آباد،شیٹ کٹ،گلمٹ اورسوست میں مختلف مقامات پرعوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے ثابت ہوگیا ہے کہ حق پرستی کے نظریئے کو پھیلنے سے روکنا ممکن نہیں۔ان اجتماعات سے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عبدالخالق بلوچ اورسابق رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 62 سالوں سے جاگیردارانہ نظام میں جکڑے ہوئے عوام الطاف حسین کواپنا نجات دھندہ تسلیم کرچکے ہیں،حق پرستوں کو 12 نومبر کے انتخابات میں عوام کے ووٹوں کی بھاری اکثریت سے عظیم کامیابی حاصل ہوگی۔

## این آراو پر جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ موقف جمہوریت پسند حلقوں کیلئے مشعل راہ ہے،حق پرست سینیٹرز

## ملک کی سیاست کے ہراہم موڑ پر الطاف حسین نے ہمیشہ مثبت کردارادا کیا ہے جسے ایم کیوایم مخالف بھی سراہنے پر مجبور ہوتے ہیں

## الطاف حسین کی مدبرانہ سیاست اور فیصلے ہی آنے والے وقتوں میں ملک وقوم کی تقدیر سنواریں گے

کراچی ۔۔۔4،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے این آراو پرحق پرستانہ مئوقف اختیار کرکے جمہوریت اور ملک کومزید عدم استحکام کا شکار ہونے سے بچالیا ہے اور جناب الطاف حسین کا این آراو پرحق پرستانہ مئوقف جمہوریت پسند حلقوں کیلئے مشعل راہ ثابت ہوگا۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے حکومت کے اتحاد کا حصہ ہوتے ہوئے بھی جس طرح سے پیپلز پارٹی کی حکومت کے دوستوں کودوستانہ مشورے دیئے اور جمہوریت کے استحکام اورخوبصورتی کیلئے این آراو کی مخالفت کا فیصلہ کیا اس نے ملک وقوم کوایک اور بڑے بحران میں داخل ہونے سے بچالیا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی سیاست کے ہراہم موڑ پر ہمیشہ مثبت کردارادا کیا ہے جس کوایم کیوایم مخالف عناصر بھی سراہنے پر مجبور ہوجاتے ہیں اور جناب الطاف حسین کی مدبرانہ سیاست اور فیصلے ہی آنے والے وقتوں میں ملک وقوم کی تقدیر سنوارنے میں اہم کردارادا کریں گے۔حق پرست سینیٹرز نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کواین آراو پرحق پرستانہ اوراصولی مئوقف اختیار کرنے پر پوری قوم کی جانب سے مبارکباد پیش کی اور کہا کہ جناب الطاف حسین کے اس فیصلے سے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کے سرفخر سے بلند ہوگئے ہیں۔

## پختون قوم نام نہاد مذہبی جماعتوں کے بہکائے میں نہ آئے، پی پی او سی
## کراچی میں آپریشن کے خلاف واویلا کرنے والے حالات خراب کرنے کوشش کررہے ہیں
## وقت کا تقاضہ ہے کہ پوری قوم سیسہ پلائی دیوار بن کر پاک فوج کے ہاتھ مضبوط کرے

کراچی۔۔۔04نومبر 2009

متحدہ قومی موومنٹ کی پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے پختون قوم سے اپیل کی ہے کہ وہ نام نہاد مذہبی جماعتوں کے بہکائے میں ہرگز نہ آئیں کیونکہ یہ جماعتیں انہیں اپنے سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں پی پی او سی کے اراکین نے کہا کہ نام نہاد مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کی جانب سے کراچی میں موجود غیر ملکی دہشت گردوں کے خلاف پولیس وانتظامیہ کے کریک ڈاؤن کو پختونوں سے منسوب کرنا قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں موجود غیر ملکی دہشت گردوں، منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کے خلاف جاری آپریشن پر شور مچانے والے لوگ ملک خصوصاً سندھ اور کراچی کے حالات خراب کررہے ہیں۔اس اقدام کا مقصد قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرنے سے روکنا ہے جس کے نتیجے میں دہشت گردوں کے ہاتھ مضبوط ہونگے۔انہوں نے کہا کہ نام نہاد مذہبی جماعتوں کا اس آپریشن کے خلاف واویلا مچانا درحقیقت ان دہشت گردوں کا مذہبی جماعتوں سے گٹھ جوڑ ثابت کرتا ہے اس سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ ملک میں جاری دہشت گردی انہی مذہبی جماعتوں کی ایماء پر ہورہی ہے جس میں پختونوں کو ایندھن کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر پاک فوج کے ہاتھ مضبوط کرے اور نام نہاد مذہبی جماعتوں کے بہکائے میں نہ آئے۔

## بھٹائی آباد یونٹ کے کارکن زاہد محمود عرف گوشی اور حیدرآباد زون سیکٹر آئی
## یونٹA-7 کے کارکن محمد امجد زئی کو تنظیم کی بنیاری رکنیت سے خارج کردیا گیا

کراچی۔۔۔04نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے بناء پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی بھٹائی آباد یونٹ کے کارکن زاہد محمود عرف گوشی ولد محمد غوث اور ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر آئی یونٹA-7 کے کارکن محمد امجد زئی ولد اشرف زئی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## جمشید ٹاؤن کی حق پرست خاتون کونسلر، ایم کیوایم شاہ فیصل، میڈیکل ایڈ کمیٹی اور ایم کیوایم شعبہ خواتین
## لیاقت آباد سیکٹر کی کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔04نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جمشید ٹاؤن یونین کونسل 11 کی حق پرست کونسلر محترمہ نورالصباح کے شوہر سید مظہر عالم منظر، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹA-103 کے کارکن کنور محمد مبشر کے کم عمر صاحبزادے کنور محمد سفیان، ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی THO یونٹ ملیر ٹاؤن کے کارکن شہزاد کی والدہ محترمہ شہزادی بیگم اور ایم کیوایم شعبہ خواتین لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کی یونٹ ورکنگ کمیٹی کی رکن محترمہ یاسمین اصغر کی والدہ محترمہ رابعہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے تحت جمعرات کو دوپہر 12 بجے اسکردوسٹی میں شہدائے یادگار چوک پر انتخابی جلسہ عام منعقد ہوگا

## جلسہ عام کے شرکاء سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

## اسکردوسٹی اور جلسہ گاہ کے اطراف کی جگہوں کو ایم کیوایم کے پرچموں اور جناب الطاف حسین کی تصاویر سے سجادیا گیا

اسکردو۔۔۔4،نومبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 5،نومبر بروز جمعرات کو اسکردوسٹی میں شہدائے یادگار چوک پر دوپہر 12 بجے انتخابی جلسہ عام منعقد ہوگا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔ انتخابی جلسہ عام کے سلسلے میں اسکردو کے عوام اور کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے،اسکردوسٹی اور جلسہ گاہ کے اطراف کی جگہوں کو ایم کیوایم کے پرچموں،قائد تحریک کی تصاویر اور تہنیتی پیغامات پرمبنی بینروں سے سجادیا گیا ہے جبکہ جلسہ عام کی تمام تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن احمد علی کے انتقال پرالطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4نومبر،2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن احمد علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے احمد علی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ احمد علی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔( آمین )دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن احمد علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کو صبر جمیل کی دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن احمد علی علالت باعث انتقال کرگئے،نماز جنازہ اور تدفین ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران کی شرکت

لندن۔۔۔4نومبر،2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے بزرگ کارکن احمد علی طویل علالت کے بعد بدھ کو انتقال کرگئے،مرحوم کی عمر 62 سال تھی اور انہوں نے سوگواران میں بیوہ،تین بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی ہے،مرحوم عرصہ دراز سے کالے یرقان کے مرض میں مبتلا تھے اور یہی بیماری ان کیلئے جان لیوا ثابت ہوئی تاہم اپنی بیماری کے باوجود آخری وقت تک وہ فعال رہے اور ایک ٹریفک حادثے میں معذور بھی ہوچکے تھے۔مرحوم قائد تحریک الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اور انہوں نے 19 جون کے آپریشن کے بعد مسائل کا شکار ہونے کے باوجود الطاف حسین اور ایم کیوایم کا ساتھ نہیں چھوڑا۔دریں اثناء احمد علی مرحوم کو ماڈل کالونی قبرستان میں سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا،مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر جامع مدینہ مسجد بی ایریا میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست عوامی نمائندوں،ایم کیوایم ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹس کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مرحوم کا سوئم 6 نومبر بعد نماز جمعہ مدینہ مسجد بی ایریا ملیر میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆